# فیصل آباد بورڈ 2023ء

## معروضی طرز

رول نمبر: ________

انٹرمیڈیٹ پارٹ فرسٹ

اصول معاشیات

Paper Code 6541

وقت: 20 منٹ　　کل نمبر: 15

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

**Note:** Four possible answers A, B, C and D to each question are given. The choice which you think is correct, fill that circle in front of that question with Marker or Pen ink in the answer book. Cutting or filling two or more circels will result in zero mark in that question.

**سوال 1:**

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | کس نے معاشیات کو دولت کا علم قرار دیا ہے؟<br>**Who declared economic as "Science of Wealth"?** | آدم سمتھ<br>Adam Smith | مارشل<br>Marshall | رابنز<br>Robbins | کینز<br>Keynes |
| 2 | جب مختتم افادہ صفر ہو تو کل افادہ ہوتا ہے:<br>**When marginal utility is zero then total utility is:** | مثبت<br>Positive | منفی<br>Negative | کم سے کم<br>Minimum | زیادہ سے زیادہ<br>Maximum |
| 3 | قیمت اور طلب میں تعلق پایا جاتا ہے:<br>**The relationship between price and demand is:** | معکوس<br>Inverse | تکثیری<br>Increasing | مثبت<br>Positive | لامحدود<br>Infinite |
| 4 | خط رسد کا جھکاؤ ہوتا ہے:<br>**The slope of supply curve is:** | افقی<br>Horizental | مثبت<br>Positive | منفی<br>Negative | لامحدود<br>Infinite |
| 5 | اوسط وصولی کہلاتی ہے:<br>**Average revenue is called:** | قیمت<br>Price | بچت<br>Saving | مصارف<br>Cost | افادہ<br>Utility |
| 6 | قانون تقلیل حاصل کا نفاذ زیادہ تر ہوتا ہے:<br>**The law of diminishing return mostly applicable on:** | صنعت پر<br>Industry | زراعت پر<br>Agriculture | تجارت پر<br>Trade | تعمیرات پر<br>Housing |
| 7 | اجارہ داری کے تحت فرموں کی تعداد ہوتی ہے:<br>**The number of firms under monopoly are:** | 1 | 2 | 3 | 4 |
| 8 | عاملین پیدائش کی تعداد ہے:<br>**The number of factors of production are:** | 2 | 3 | 4 | 5 |
| 9 | چیک ہے:<br>**The cheque is:** | قریبی زر<br>Near money | کاغذی زر<br>Paper money | اعتباری زر<br>Credit money | معیاری زر<br>Standard money |
| 10 | قومی آمدنی کی متوازن سطح ہوتی ہے:<br>**National income equilibrium level stage is:** | بچت = صرف<br>C = S | سرمایہ کاری = صرف<br>C = I | صرف = سرمایہ کاری<br>I = C | سرمایہ کاری = بچت<br>S = I |

CamScanner

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 11 | معاشی سرگرمیوں میں اتار چڑھاؤ کہلاتا ہے: The rise and fall in economic activities is called: | تجارت Trade | تجارتی چکر Trade cycle | افراطِ زر Inflation | تفریطِ زر Deflation |
| 12 | بین الاقوامی تجارت میں کلی برتری کا نظریہ پیش کیا: The theory of absolute advantage of international trade was presented by: | آدم سمتھ Adam Smith | مارشل Marshall | رابنز Robbins | کینز Keynes |
| 13 | حکومت کی آمدنی کا بڑا ذریعہ ہے: The main source of public revenue is: | جرمانے Fines | ٹیکس Taxes | فیس Fee | مقامی شرح Local rate |
| 14 | افراطِ زر میں حکومت بجٹ بناتی ہے: During inflation government prepares budget is: | نیا بجٹ New budget | فاضل بجٹ Surplus budget | متوازن بجٹ Balance budget | خسارے کا بجٹ Deficit budget |
| 15 | پاکستان میں مالی سال کا آغاز ہوتا ہے: In Pakistan, fiscal year starts from: | یکم جنوری 1st January | یکم مئی 1st May | یکم جولائی 1st July | یکم دسمبر 1st December |

جوابات:

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1- A | 2- D | 3- A | 4- B | 5- A | 6- B | 7- A | 8- C |
| 9- C | 10- C | 11- B | 12- A | 13- B | 14- D | 15- C | |

## انشائی طرز

رول نمبر:________

انٹرمیڈیٹ پارٹ فرسٹ

**اصول معاشیات**

وقت: 02:10 گھنٹے

کل نمبر: 60

**(حصہ اوّل)**

**سوال 2:** کوئی سے چھ اجزاء کے مختصر جوابات لکھیے۔

**Write short answers to any SIX parts. 12**

(i) علم الہدایت سے کیا مراد ہے؟

**What is meant by normative science?**

جواب: علم الہدایت سے مراد وہ علم ہے جس میں حالات و واقعات کو ایک خاص زاویہ نگاہ سے پرکھا جائے اور یہ فیصلہ کیا جائے کہ انہیں یوں ہونا چاہیے مثلاً غربت کی بجائے خوش حالی ہونی چاہیے، ملک کے ہر فرد کو روٹی، کپڑا اور مکان ملنا چاہیے، آمریت کی بجائے جمہوریت ہونی چاہیے۔

Normative science refers to the knowledge in which circumstances and events are examined from a particular angle and it is decided that they should be like this, for example, there should be prosperity instead of proverty, every person in the country should get bread, cloth and house. There should be democracy instead of dictatorship.

(ii) جزوی معاشیات کی تعریف کیجیے۔

**Define micro economics.**

جواب: ''جزوی معاشیات میں کسی معیشت کے انفرادی اجزاء و عناصر کے رویہ کا مطالعہ کیا جاتا ہے۔ مثلاً کسی ایک شئے کی قیمت کا تعین یا کسی ایک صارف یا ایک فرم کے رویہ کا مطالعہ و مشاہدہ۔''

In micro economics, the behavior of individual components and elements of an economy is studied. For example, determining the price of a single item or studying and observing the behavior of a single consumer or a firm.

(iii) معاشی مسئلہ سے کیا مراد ہے؟

**What is meant by economic problem?**

جواب: پروفیسر رابنز نے اپنی تعریف کی بنیاد زندگی کی درجہ ذیل چار حقیقتوں پر رکھی ہے:

1- ذرائع متبادل استعمال نہیں رکھتے ہیں۔

2- ان خواہشات میں سے کچھ زیادہ اہم اور کچھ کم اہم ہوتی ہیں۔

3- انسانی خواہشات لامحدود ہوتی ہیں۔

4- ذرائع محدود ہوتے ہیں۔

پروفیسر رابنز کے مطابق اگر یہ چاروں خصوصیات (حقیقتیں) بیک وقت اکٹھی ہو جائیں تو معاشی مسئلہ پیدا ہو جاتا ہے ان میں سے اگر کوئی ایک خصوصیت موجود نہ ہو تو معاشی مسئلہ پیدا نہیں ہوگا۔

Professor Robbins has based his definition on the following four facts of life:

1. Sources have not alternation uses

2. Some of these desires are more important and some less important
3. Human desires are unlimited 4. Resources are limited

According to professor Robbins, if these four characteristics (facts) come together at the same time, then an economic problem arises when any one of the feature does not exist, the economic problem will not arise.

(iv) افادہ کی دو خصوصیات بیان کیجیے۔
**Write two characteristics of utility.**

جواب: 1- طلب کی شدت 2- شے کا استعمال

1. Intensity of demand 2. Use of goods

(v) صارف کے توازن کو مساوات کی شکل میں تحریر کیجیے۔
**Write consumer's equilibrium in the form of equation.**

جواب: صارف کا توازن = ا شے کا افادہ مختتم / ا شے کی قیمت = ب شے کا افادہ مختتم / ب شے کی قیمت ..... ی شے کا افادہ مختتم / ی شے کی قیمت

$$\text{Consumer of equilibrium} = \frac{MUA}{PA} = \frac{MUB}{PB} \cdots \frac{MUN}{PN}$$

(vi) افادہ اور فائدہ مندی کے درمیان فرق بیان کیجیے۔
**Differentiate between utility and usefulness.**

جواب: کسی شے میں انسانی خواہش کو پورا کرنے کی خوبی کو افادہ کہتے ہیں مثلاً پانی میں پیاس بجھانے کی خوبی۔ جب کہ افادہ سے مراد فائدہ مندی نہیں ہے کیوں کہ بہت سی اشیاء ہیں جو فائدہ مند نہیں ہیں مثلاً شراب، افیون، سگریٹ وغیرہ۔ یہ انسانی صحت کے لیے مضر ہیں لیکن ان میں افادہ موجود ہے کیوں کہ یہ انسانی خواہش کو پورا کرنے کی صلاحیت رکھتی ہیں۔

The ability to satisfy a person's desire for something is called a utility, such as the ability to quench thirst in water. While the utility is not usefulness because there are many things that are not useful such as alcohol, opium, cigarettes, etc. It is harmful to human health because it has the ability to fulfil human desire.

(vii) طلب کی لچک کی تعریف کیجیے۔
**Define elasticity of demand.**

جواب: طلب کی لچک سے مراد کسی شے کی طلب میں تبدیلی کی وہ شرح لی جاتی ہے جو اس کی قیمت تبدیل ہونے پر واقع ہو۔

Elasticity of demand refers to the rate of change in demand for a good that occurs when its price changes.

(viii) رسد اور ذخیرہ میں فرق بیان کیجیے۔
**Differentiate between supply and stock.**

جواب: کسی ایک وقت میں کسی شے کی وہ کل مقدار جو منڈی میں فروخت کاروں کے پاس موجود ہوتی ہے اسے ذخیرہ کہتے ہیں جب کہ رسد سے مراد ذخیرہ کا وہ حصہ ہوتا ہے جسے فروخت کار ایک مخصوص قیمت پر فروخت کرنے کے لیے پیش کرتے ہیں۔

The total quantity of an goods at a given time that the sellers have in the market is called stock. While supply refers to the part of the stock that the sellers offer to sell at a certain price.

(ix) منڈی کے توازن سے کیا مراد ہے؟
**What is meant by market equilibrium?**

جواب: منڈی کے توازن سے مراد منڈی میں طلب و رسد کی مقداروں کا برابر ہونا ہے۔ کسی شے کی مختلف قیمتوں پر اس کی رسد اور طلب مخالف سمتوں میں حرکت کرتی ہیں اور آخر کار ایک ایسی قیمت آجاتی ہے جس پر طلب و رسد دونوں برابر ہو جاتی ہیں یہی قیمت منڈی میں مقرر ہو جاتی ہے اسے منڈی کا توازن کہتے ہیں۔

Market equilibrium refers to the balance of supply and demand in market. At different prices at a commodity, its supply and demand move in opposite directions and eventually a price comes at which both supply and demand are equal. This price is set in the market, it is called market equilibrium.

## سوال 3: کوئی سے چھے اجزاء کے مختصر جوابات لکھیے۔
## Write short answers to any SIX parts. 12

(i) قانون متغیر تناسبات سے کیا مراد ہے؟
**Define the law of variable proportions.**

جواب: جب کسی عمل پیدائش میں معینہ عامل پیدائش کے ساتھ متغیر عاملین کی اکائیاں یکے بعد دیگرے لگائی جاتی ہیں تو پہلے قانون تکثیر حاصل لاگو ہوتا ہے اور ایک حد تک مختتم پیداوار بڑھتی ہے۔ یہ حد معینہ عامل اور متغیر عاملین کے اشتراک کی معیاری حد کہلاتی ہے۔ اس حد کے بعد کچھ دیر تک مختتم پیداوار برابر رہتی ہے جس میں قانون یکسانی حاصل لاگو ہوتا ہے اور اس کے بعد مختتم پیداوار گرنا شروع ہو جاتی ہے تو قانون تقلیل حاصل لاگو ہو جاتا ہے۔ اس سارے عمل کو قانون متغیر تناسبات کہتے ہیں۔

When units of variable factors with a given factor of production are successively applied to production process, the first law of multiplication applies and marginal product increases to a certain extent. This limit is called the standard limit for the combination of fixed factors and variable

factors. After this limit, the marginal product remains the same for some time, in which the law of uniformity gain applies, and after that marginal product begins to fall, then the law of diminishing return applies. This whole process is called the law of variable proportions.

(ii) اجارہ داری سے کیا مراد ہے؟

**What is meant by monopoly?**

جواب: اجارہ داری منڈی کی ایسی حالت ہوتی ہے جب کسی شے کو ایک ہی فرم پیدا کر رہی ہو اور منڈی میں کسی اور جگہ سے اس شے کا قریبی نعم البدل بھی دستیاب نہ ہو مثلاً پاکستان میں واپڈا کو بجلی کی پیداوار اور فراہمی میں اجارہ داری حاصل ہے۔

A monopoly market is a situation in which a single firm is producing an goods and not substitute for that goods is available from anywhere else in the market. In Pakistan, for example WAPDA has a monopoly on power generation and supply.

(iii) فرم کی تعریف کیجیے۔

**Define the firm.**

جواب: فرم ایک تنظیمی اکائی ہوتی ہے جو کسی کاروبار کو کنٹرول کرتی ہے۔ فرم کے فرائض کاروبار کی بنیاد ڈالنے سے لے کر منافع حاصل کرنے تک پھیلے ہوئے ہیں۔ فرم کی مثال باٹا شو کمپنی وغیرہ ہیں۔

A firm is an organizational unit that controls a business. The firm's duties range from founding a business to making a profit. Example of firm is bata shoe company.

(iv) دولت کی تعریف تحریر کیجیے۔

**Define wealth.**

جواب: کسی شخص کی ملکیت کے تمام اثاثہ جات اور قیمتی اشیاء دولت کہلاتی ہیں۔

All the assets and valuable goods owned by a person are called wealth.

(v) مکمل مقابلہ کی چار شرائط بیان کیجیے۔

**Explain the four conditions of perfect competition.**

جواب: 1- مختتم مصارف (MC) کا خط مختتم وصولی (MR) کے خط کو نیچے سے قطع کرے۔
2- فرم کے مختتم مصارف (MC) مختتم وصولی (MR) کے برابر ہوں۔
3- مکمل مقابلے کے تحت عرصہ طویل میں فرم معمولی منافع کماتی ہے۔
4- تمام فرمیں ایک جیسی اشیاء پیدا کریں۔

1. The MC letter intersects MR letter from downwards.
2. The firm's MC are equal MR.
3. The firm makes normal profits in the long run under perfect competition.
4. All form produce identical goods.

(vi) کل پیداوار سے کیا مراد ہے؟

**What is meant by total production?**

جواب: استعمال کی جانے والی محنت کی تمام اکائیوں کی مدد سے حاصل ہونے والی پیداوار کو کل پیداوار کہا جاتا ہے۔

Production that is supported by all the units of labour used is called total production.

(vii) مختتم مصارف کی تعریف لکھیے۔

**Define marginal cost.**

جواب: کسی شے کی مزید اکائی کو پیدا کرنے کی وجہ سے مجموعی مصارف میں جو اضافہ ہوتا ہے اسے مختتم مصارف کہتے ہیں۔

The increase in the total cost due to the production of one or more unit of goods is called the marginal cost.

(viii) کل وصولی سے کیا مراد ہے؟

**What is meant by total revenue?**

جواب: کسی شے کی ایک خاص مقدار فروخت کر کے ایک فرم کو جو رقم حاصل ہوتی ہے اسے کل وصولی کہتے ہیں۔

The amount that a firm earns by selling a certain quantity of goods is called total revenue.

(ix) زمین کی استعدادکار سے کیا مراد ہے؟

**What is meant by productivity of land?**

جواب: زمین کی استعدادکار سے مراد زمین کی پیداواری قوت ہے۔

Land productivity refers to the productive forces of the land.

## سوال 4: کوئی سے چھے اجزاء کے مختصر جوابات لکھیے۔

## Write short answers to any SIX parts. 12

(i) شخصی آمدنی کی تعریف کیجیے۔

**Define personal income.**

جواب: ایسی آمدنی جو انفرادی طور پر ہر شخص ایک سال کے دوران کماتا ہے مثلاً ایک ڈاکٹر سال بھر میں پانچ لاکھ روپے کماتا ہے تو یہ کمائی اس کی شخصی آمدنی کہلائے گی۔

Income that an individual earns in a year, for example, if a doctor earns Rs. 500,000 in a year, then this income will be called his personal income.

(ii) شکست و ریخت کے اخراجات سے کیا مراد ہے؟

**What is meant by depreciation allowance?**

جواب: مشینیں، اوزار اور آلات وغیرہ کی مرمت کے اخراجات کو فرسودگی الاؤنس یا شکست و ریخت کہتے ہیں۔

The cost of reparing machine tools and equipment is called depreciation allowance.

CamScanner

(iii) براہ راست تبادلہ کی تعریف کیجیے۔

**Define barter system.**

جواب: "بارٹر سسٹم سے مراد ایسی معیشت ہے جس میں کوئی شے متبولیت عامہ کی حیثیت نہ رکھتی ہو اور چیزوں کا تبادلہ چیزوں سے کیا جاتا ہو۔"

"Barter system refers to an economy in which a commodity is not popular and things are exchanged."

(iv) زر کے چار فرائض لکھیے۔

**State four functions of money.**

جواب: زر کے چار فرائض: 1- مشترک پیمانہ قدر 2- آئندہ ادائیگیوں کا معیار

3- سرکاری ادائیگیوں اور وصولیوں کا ذریعہ 4- آلہ مبادلہ

**Four functions of money:**

1. Common measure of value
2. Standard of future payments
3. Source of government payments and receipts
4. Medium of exchange

(v) افراط زر کی تعریف لکھیے۔

**Define inflation.**

جواب: جب اشیاء کی قیمتوں کا معیار مسلسل تیزی سے بلند ہو رہا ہو تو اسے افراط زر کہا جاتا ہے۔

When commodity prices continue to rise sharply it is called inflation.

(vi) گرم بازاری سے کیا مراد ہے؟

**What is meant by expansion / boom?**

جواب: گرم بازاری میں اشیاء و خدمات کی طلب تیزی سے بڑھتی ہے جس سے بے روزگار اور معیار زندگی کی سطحیں بلند ہو جاتی ہیں۔ پیداوار، صرف، آمدنی اور سرمایہ کاری میں تیزی سے اضافہ ہوتا ہے۔ شرح سود میں اضافہ ہوتا ہے۔

Demand for goods and services increases rapidly in expansion. This leads to higher level of employment and living standards. Production, consumption, income and investment increases exponentially. Interest rate increases.

(vii) زری پالیسی کی تعریف کیجیے۔

**Define monetary policy.**

جواب: زر کی رسد افراط زر کو کنٹرول کرنے کے لیے مرکزی بنک کی طرف سے اختیار کیے جانے والے اقدامات کو زری پالیسی کہتے ہیں۔

Monetary policy the steps are taken by the central bank to control inflation are called monetary policy.

(viii) بین الاقوامی تجارت کے چار فوائد لکھیے۔

**State four advantages of international trade.**

جواب: 1- قلت کے زمانہ میں اشیاء کی دستیابی 2- عالمی امن کا قیام 3- تیز رفتار معاشی ترقی کا حصول 4- غیر ملکی اشیاء کا حصول

1. Availability of items in times of scarcity.
2. Establishing world peace.
3. Achieving rapid economic growth.
4. Acquisition of foreign goods.

(ix) عشر سے کیا مراد ہے؟

**What is meant by Ushr?**

جواب: زمین کی پیداوار سے اگر منافع حاصل کرنا مقصود ہو تو اس پیداوار کی زکوۃ فرض ہے اور یہ زکوۃ عشر کہلاتی ہے۔

If the purpose is to make a profit from the production of the land, the zakat on that production is obligatory and it is called zakat ushr.

## (حصہ دوم)

**سوال 5:** مارشل کی معاشیات کی تعریف کی خوبیاں اور خامیاں تحریر کیجیے۔

**Write the merits and demerits of Marshall's definition of economics.**

**سوال 6:** قانون طلب سے کیا مراد ہے؟ گوشوارہ اور ڈائیگرام سے وضاحت کیجیے۔

**What is meant by law of demand? Explain it with the help of schedule and diagram.**

**سوال 7:** مکمل مقابلہ کے تحت مختتم حاصل اور مختتم لاگت کے خطوط کی مدد سے ایک فرم کیسے توازن حاصل کرتی ہے؟

**Explain a firm's equilibrium with the help of MR and MC under perfect competition.**

**سوال 8:** قومی آمدنی کی پیمائش میں حائل رکاوٹیں کیا ہیں؟

**What are the difficulties in measuring national income?**

**سوال 9:** سرکاری مالیات سے کیا مراد ہے؟ سرکاری مالیات اور نجی مالیات میں فرق واضح کیجیے۔

**What is meant by public finance? Differentiate between public and private finance.**

CamScanner